وفاق المدارس العربیہ پاکستان

کے تحت آن لائن داخلہ کی وصولی

(1) وفاق المدارس کے تحت مدارس کی سہولت کے لیے، داخلہ کی آن لائن وصولی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

(2) درجہ حفظ، متوسطہ، رجسٹریشن درجہ اولیٰ، ثانویہ خاصہ سال اول بنات، دراسات سال اول اور تجوید حفاظ کا داخلہ حسب سابق مروجہ داخلہ فارم پر ہوگا۔ ان کے علاوہ دیگر درجات کا داخلہ بھی آن لائن یا سابقہ مروجہ داخلہ فارم پر قابل قبول ہوگا۔

(3) رول نمبر سلپ بذریعہ ڈاک نہیں بھجوائی جائیں گے۔ ''وفاق المدارس'' کی ویب سائٹ سے پرنٹ نکالیں۔

(4) طالب علم از خود آن لائن داخلہ نہیں کرسکتا، مدرسہ کی طرف سے داخلے کیے جائیں گے، کوشش کی جائے کہ تمام طلبہ کے داخلے، مقررہ تاریخ اور شرح فیس کے مطابق یکبارگی جمع کیے جائیں۔

آن لائن داخلے کے لیے درج ذیل چار بٹن بنائے گئے ہیں:

(بٹن نمبر1) آن لائن داخلہ: وفاق کی ویب سائٹ کے صفحہ اول پر موجود ''آن لائن داخلہ'' کا بٹن موجود ہے۔ اس بٹن کو کلک کرنے سے ''لاگ ان فارم'' کھل جائے گا۔

(بٹن نمبر2) خفیہ کوڈ: ہر مدرسہ / جامعہ کے الحاق نمبر (آخری پانچ ہندسوں پر مشتمل) کو ابتدائی طور پر Usrename اور خفیہ کوڈ (Password) قرار دیا گیا ہے۔

داخلہ کے لیے ''لاگ ان فارم'' میں مدرسہ کا الحاق نمبر درج کریں۔ نیز پہلی فرصت میں ''تبدیلی خفیہ کوڈ'' بٹن کے ذریعے اپنا خفیہ کوڈ (Password) تبدیل کرلیں تاکہ کوئی غیر متعلقہ شخص استعمال نہ کرسکے۔

''لاگ ان فارم'' میں خفیہ کوڈ کے اندراج کے بعد ''آن لائن داخلہ فارم'' کھل جائے گا۔

اس فارم میں متعلقہ شعبہ ''بنین'' یا ''بنات'' منتخب کریں۔ متعلقہ درجہ کا انتخاب کریں اور طالب علم / طالبہ کا رجسٹریشن نمبر (رقم التسجیل) درج کریں۔

(بٹن نمبر3) کوائف طالب علم: رجسٹریشن نمبر کے اندراج کے بعد ''کوائف طالب علم'' کا بٹن کلک کریں۔ جس سے مطلوبہ طالب علم / طالبہ کا وفاق کے ریکارڈ میں موجود تفصیلی ڈیٹا سامنے آجائے گا۔

(بٹن نمبر4) داخلہ محفوظ کریں: اس فارم کے آخر میں ''داخلہ محفوظ کریں'' کا بٹن موجود ہے۔ اس بٹن پر کلک کریں گے تو داخلہ ہو جائے گا۔ ہر طالب علم کے داخلہ کے لیے یہی عمل دوہرانا ہوگا۔

داخلہ محفوظ کرنے سے پہلے طالب علم کے تفصیلی کوائف کو بغور دیکھ کر اطمینان حاصل کرنا ضروری ہے۔

داخلہ کی درجہ وار فہرست اور چالان فارم برائے وصولی فیس پرنٹ کرنے کا طریقہ کار:

''داخلہ کی درجہ وار فہرست'' کے بٹن پر کلک کر کے داخلہ کی درجہ وار مکمل فہرست پرنٹ کریں۔ جبکہ ''چالان فارم برائے وصولی فیس'' کا پرنٹ نکال کر اس کے مطابق بینک میں رقم جمع کروائیں۔

داخلہ کی درجہ وار فہرست اور چالان فارم برائے وصولی فیس کی دفتر وفاق کو ترسیل:

داخلہ کی درجہ وار فہرست اور چالان فارم برائے وصولی فیس پر دستخط مہتمم اور مہر مدرسہ ثبت کرنا لازم ہے اور ان دونوں مصدقہ اصل دستاویزات کے ساتھ فیس کا ثبوت لف کر کے دفتر وفاق کو بھیجنا لازم ہے (ان کی کاپی اپنے پاس بھی محفوظ رکھیں)۔

واضح رہے کہ مدرسہ کی طرف سے بھیجی گئی فہرست اور فیس کے مطابق طلبہ وطالبات کے رول نمبر جاری کیے جائیں گے۔

نوٹ: عالیہ سال اول بنین کی فہرست کے ساتھ اس درجہ کے طلبہ کی تازہ تصاویر لف کرنا لازم ہے۔ ہر طالب علم کی تصویر کی پشت پر اس کا نام اور رقم التسجیل ضرور لکھیں۔